UK Health Security Agency

# کورونا وائرس (کوویڈ-19): کورونا وائرس کی عالمی وباء کے دوران جنازوں اور یادگاری تقریبات کے لیے گائڈنس یعنی رہنمائی

## یہ رہنمائی کس کے لئے ہے:

یہ راہنمائی اُن لوگوں کے لیے ہے:

- عوام الناس جو جنازوں یا یادگاری تقریب میں شرکت کریں
- عوام الناس جو کسی جنازے یا یادگاری تقریب کا بندوبست کرنے میں شامل ہوں
- پیشہ ور ماہرین جو کسی جنازے یا یادگاری تقریب کا بندبست یا انتظام کرنے میں شامل ہوں

اِس گائڈنس یعنی رہنمائی کے مقاصد کے لیے جملہ 'یادگاری تقریب' میں ایسی تقریبات اور رسوم شامل ہیں جیسے پتھر رکھنے کی رسم، استیاں بکھیرنے کی رسم اور ویکس یعنی رت جگے۔ یہ تقریبات جنازے سے پہلے یا بعد میں ہو سکتی ہیں۔

جنازوں اور یادگاری تقریبات میں شرکت کرنے والے لوگوں کی تعداد پر کوئی قانونی حدود مقرر نہیں ہیں۔ ایسی تقریبات میں شرکت کرنے والوں،

بندوبست کرنے والوں اور انتظام کرنے والوں کو اِس بات پر غور کرنا چاہیے کہ ہو سکتا ہے کہ اگر جگھوں میں بھیڑ بھاڑ ہو تو کوویڈ-19 کے پھیلنے کے خطرے سے نمٹنا مشکل ہو سکتا ہے اور وینیوز کو چلانے والے اپنی حدود خود طے کر سکتے ہیں۔ ایسی تقریبات کا بندوبست یا انتظام کرنے والوں کو محفوظ طریقے سے کام کرنے والی گائڈنس کو دیکھنا چاہیے۔

خود کو اور دیگر لوگوں کو کوویڈ-19 سے بچانے کے لیے اقدامات کرنا ضروری ہے۔ یہ بات جنازوں کے لیے بطور خاص سچ ہے جہاں پر ان لوگوں کے شرکت کرنے کی وجہ سے کوویڈ-19 کا خطرہ زیادہ ہو سکتا ہے جو سیلف-آئسولیٹ کرنے یا قرنطینہ کرنے سے قانونی طور پر مستثنیٰ ہوں، جنہیں یا تو کوویڈ-19 ہو یا ہونے کا زیادہ خطرہ ہو۔ اِن استثنات کے بارے میں مزید معلومات کے لیے اگر آپ بین الاقوامی سفر کرنے کے بعد سیلف-آئسولیٹ یا قرنطینہ میں ہوں تو کسی جنازے میں شرکت کرنے کے بارے میں سیکشن دیکھیں۔

کسی بھی شخص جس میں کوویڈ-19 کی علامات ہوں (نئی مسلسل کھانسی، تیز بخار، آپ کی معمول کی سونگھنے اور چکھنے کی حسیات میں تبدیلی یا اِن کا خاتمہ) کو جنازے میں شرکت نہیں کرنی چاہیےماسواء اس کے کہ کسی استثنیٰ کا اطلاق ہوتا ہو۔ آپ کو فوری طور پر سیلف-آئسولیٹ کرنا چاہئے، سٹے ایٹ ہوم والی گائڈنس پر عمل کرنا چاہیے اور آن لائن ٹیسٹ طلب کرنا چاہئے ، یا NHS 119 کیساتھ ٹیلیفون کے ذریعے رابطہ کرنا چاہئے اگر آپ کے پاس انٹرنیٹ تک رسائی نہ ہو تو۔

مزید معلومات اور کوویڈ-19 کے پھیلاوَ کے امکان کو کم کرنے کے لیے کیے جا سکنے والے اقدامات کے لئے کیسے محفوظ رہیں اور پھیلاؤ کو کم کریں والی گائڈنس ملاحظہ کریں۔

## کسی جنازے یا یادگاری تقریب کا بندوبست یا انتظام کرنے والے افراد کے لیے کلیدی اقدامات

کوویڈ-19 سے محفوظ رہنے اور اِسے پھیلنے سے روکنے میں مدد دینے کے لیے حکومتی گائڈنس یعنی رہنمائی موجود ہے جو مشورہ دیتی ہے:

- دن بھر اپنے ہاتھ کو صابن اور پانی سے دھونا یا ہاتھوں کو سینی ٹائز کرنا
- جہاں ممکن ہو ناک اور مُنہ کو چھونے سے اجتناب کریں اگر آپ کو اپنے مُنہ کو چھونا پڑ ہی جائے (جیسے فیس ماسک پہننے یا اُتارنے کے لیے) تو پہلے اور بعد میں اپنے ہاتھ دھوئیں یا سینیٹائز کریں
- جب آپ کھانسیں تو اپنا مُنہ اور ناک ڈسپوزایبل ٹِشو سے ڈھانپنا

- اگر آپ کے پاس ٹِشو نہ ہو تو اپنی کہنی کے خم میں کھانسیں یا چھینکیں نہ کہ اپنے ہاتھ پر
- ٹِشو کو کچرا دان یعنی ربش بیگ میں ڈال دیں اور فوراً اپنے ہاتھ دھو لیں
- ہر دوسرے ہفتے LFD ٹیسٹنگ میں حصہ لینا، بے شک آپ میں علامات نہ بھی ہوں
- تازہ ہوا کو اندر آنے دینا ممکن ہے کہ آپ جنازے یا یادگاری تقریب کو باہر کُھلی جگہ یعنی آوٹ ڈور کروانے کے بارے میں بھی غور کریں۔ کوویڈ-19 کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے انڈور جگہوں میں تازہ ہوا کی آمد کے بارے میں گائڈنس پر عمل کریں
- این ایچ ایس کی کوویڈ-19 کی ایپ استعمال کرنا
- بند اور بھیڑ بھاڑ والی جگہوں میں فیس ماسک پہننا

اگر پچھلے 10 میں آپ بیرون ملک رہے ہوں تو کسی جنازے میں شرکت کرنے سے پہلے ٹیسٹنگ کی شرائط کے لیے انٹرنیشنل سفر کے بارے میں گائڈنس ملاحظہ کریں۔

جنازے میں شرکت کرتے وقت اضافی خطرات ہو سکتے ہیں جن کو زیر غور لانا چاہیے۔ ذیل میں دی گئی گائڈنس یعنی رہنمائی کسی جنازے یا یادگاری تقریب میں شرکت کرنے، اِس کا بندوبست یا انتظام کرنے کے دوران کیے جانے والے اقدامات کا احاطہ کرتی ہے۔

## اگر آپ میں کوویڈ-19 علامات ہوں، سیلف-آئسولیٹ کر رہے ہوں، یا قرنطینہ میں ہوں تو گھر میں ہی رہیں

آپ کی وجہ سے دوسروں کو لاحق خطرے کی وجہ سے اگر آپ میں کوویڈ-19 کی علامات ہوں تو آپ کو شرکت نہیں کرنی چاہیے: کوئی بھی فرد جس میں کوویڈ-19 کی علامات نمودار ہوجائیں اُسے فوری طور پر سیلف-آئسولیٹ کرنا، سٹے ایٹ ہوم گائڈنس پر عمل کرنا، اور پی سی آر ٹیسٹ کروانا چاہیے، چاہے آپ کی علامات معمولی ہی کیوں نہ ہوں۔ اگر آپ کا نتیجہ مثبت آتا ہے یا این ایچ ایس ٹیسٹ اینڈ ٹریس کی طرف سے مطلع کیا جاتا ہے تو آپ قانونی طور پر سیلف-آئسولیٹ کرنے کے پابند ہیں۔

اگر آپ کو مطلع کیا گیا ہے کہ آپ کوویڈ-19 میں مبتلا کسی فرد کا قریبی رابطہ ہیں لیکن قانونی طور پر خود کو الگ تھلگ یعنی سیلف-آئسولیٹ کرنے کے پابند نہیں ہیں (مثال کے طور پر، کیونکہ آپ کو مکمل طور پر ویکسین دے دی گئی ہے)، تو جنازے میں شرکت کرتے وقت اضافی احتیاطی تدابیر اختیار

کرنے کے بارے میں غور کریں۔ کورونا وائرس (کوویڈ-19) کی ممکنہ یا تصدیقی شدہ انفیکشن والے گھرانوں کے لیے گائڈنس پر عمل کریں۔ اگر آپ فی الوقت کسی ایسے فرد کے ساتھ ایک ہی گھر میں نہیں رہتے جس کا کوویڈ-19 کا رزلٹ مثبت آیا تھا لیکن کسی ایسے فرد کے ساتھ قریبی رابطہ ہوا تھا جس کا رزلٹ مثبت آیا تھا تو ایک دوسری گائڈنس پر عمل پیرا ہوں۔

کچھ لوگوں کو حالیہ بین الاقوامی سفر کے بعد کسی جنازے میں شرکت کرنے کے لیے سیلف-آئسولیشن یا قرنطینہ سے باہر آنے کی قانونی استثنیٰ حاصل ہے ۔ اِن استثنات کا اطلاق کسی یادگاری تقریب میں شرکت کرنے پر نہیں ہوتا۔

ماسواء اِس کے کہ کسی استثنیٰ کا اطلاق ہوتا ہو، اگر مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک کا بھی اطلاق ہوتا ہو تو آپ کو کسی جنازے میں شریک نہیں ہونا چاہیے:

- ٹیسٹ کے مثبت نتیجے کی وجہ سے سیلف-آئسولیٹ کر رہے ہوں
- آپ کو این ایچ ایس ٹیسٹ اینڈ ٹریس نے سیلف-آئسولیٹ کرنے کی تاکید کی ہو
- حال ہی میں کسی نان ریڈ لسٹ ملک سے انگلستان واپسی پر قرنطینہ میں ہوں اور آپ نے مکمل حفاظتی ٹیکے نہ لگوائے ہوئے ہوں
- آپ کسی ریڈ لسٹ ملک سے انگلستان سے پہنچنے کے بعد کسی مینجڈ کوارنٹین فیسلٹی میں قیام پذیر ہوں

مزید معلومات کے لیے اگر آپ بین الاقوامی سفر کرنے کے بعد سیلف-آئسولیٹ یا قرنطینہ میں ہوں تو کسی جنازے میں شرکت کرنے کے بارے میں مندرجہ ذیل سیکشن دیکھیں۔

## قریبی رابطے کو محدود کرنے کے بارے میں سوچیں

سماجی دوری والے اقدامات کا اب مزید اطلاق نہیں ہو گا اور آپ کو کسی جنازے یا یادگاری تقریب میں 2 میٹر کے فاصلے (یا احتیاطی تدابیر کے ساتھ 1 میٹر) پر رہنے کی ضرورت نہیں۔ تاہم قریبی رابطے کو محدود کرنے سے کوویڈ-19 ہونے یا اِسے آگے منتقل کرنے کا خطرہ کم ہو جاتا ہے۔

کچھ لوگوں کو جنازے میں شرکت کرنے کے لیے سیلف-آئسولیشن یا قرنطینہ سے مختصر وقت کے لیے باہر آنے کے لیے حاصل استثنیٰ کے پیش نظر ممکن ہے کہ آپ اُن لوگوں کے ساتھ قریبی رابطہ محدو رکھنے کا انتخاب

کریں آپ جن کے ساتھ نہیں رہتے۔ یہ بھی ممکن ہے کہ آپ جنازے میں شرکت کرنے سے پہلے قریبی رابطے میں آنے کے خطرے کے تدارک میں مدد دینے کے لیے آپ LFD ٹیسٹ کروانے کا انتخاب کرنا چاہیں۔

اس پر غور کرنا ضروری ہے کہ ہو سکتا ہے کہ دوسرے لوگ زیادہ محتاط رویہ اپنانے کے خواہشمند ہوں۔ ہم سب کو اس بات کا احساس کرنا چاہئے، اور دوسروں کو مواقع اور جگہ فراہم کرنا چاہیے کہ اگر وہ چاہیں تو قریبی رابطے کو کم کر سکیں۔

اگرچہ قانونی طور پر ایسا کرنے کی پابندی نہیں ہے لیکن آپ کو چاہئیے کہ بھیڑ بھاڑ والے مقامات پر فیس ماسک پہنیں۔ اِس کی وجہ یہ ہے کہ فیس ماسک سے کوویڈ-19 پھیلنے کا خطرہ کم ہو جاتا ہے، خاص طور پر جہاں پر لوگوں کے مابین بھیڑ بھار والی بند جگہوں میں قریبی رابطہ ہو۔

## وہ لوگ جنہیں شدید کوویڈ-19 کا زیادہ خطرہ ہو

اگر پہلے آپ کی نشاندہی طبی طور پر انتہائی ولنرایبل یعنی غیر محفوظ فرد کے طور پر ہوئی تھی تو آپ کو تاکید کی جاتی ہے کہ آپ کورونا وائرس: کیسے محفوظ رہیں اور پھیلاؤ کی روک تھام کیسے کریں میں موجود گائڈنس پر عمل کریں۔ کچھ لوگ، اگر وہ کوویڈ-19 سے متاثر ہو جائیں، تو اُنہیں اب بھی شدید علالت کا زیادہ خطرہ ہوتا ہے اور ہو سکتا ہے کہ اُنہیں اُن کے معالجین نے اضافی احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کے لیے کہا ہو۔

اگر آپ کو کوویڈ-19 سے متاثر ہونے پر شدید بیماری کا زیادہ خطرہ ہو تو ہو سکتا ہے کہ آپ جنازے میں شرکت سے متعلق مخصوص خطرات کے بارے میں احتیاط سے سوچنا چاہیں۔

اُن لوگوں کے لیے جو کہ کسی جنازے یا یادگاری تقریب کا بندوبست یا انتظام کر رہے ہوں، اگر آپ کو علم ہو جائے کہ کوئی ایسا فرد شرکت کر رہا ہے جسے شدید کوویڈ-19 کا زیادہ خطرہ تو آپ کو چاہیے کہ:

- کوشش کریں اور جہاں ممکن ہو اُنہیں ریموٹلی یعنی دوری (مثال کے طور پر لائیو اسٹریمنگ کے ذریعے) سے شرکت کے قابل بنائیں، اگر وہ ایسا کرنا چاہتے ہوں تو۔
- شرکاء کو یاد دہانی کروانے پر غور کرنا چاہیے کہ ایسے لوگ موجود ہیں جنہوں نے دوری برقرار رکھنے کا انتخاب کیا ہے یا اُنہیں اِس کی ضرورت ہے۔ یہ بہت اہم ہے کہ آپ کسی فرد کی شناخت نہ کریں، کسی کو نشانہ مت بنائیں یا ذاتی یا رازدارنہ معلومات جاری نہ کریں

## مذہبی یا عقیدے پر مبنیٰ رسومات جن میں نعش کے ساتھ قریبی رابطے میں آنا شامل ہو سکتا ہو

جہاں یہ تعین کرنا ممکن نہ ہو کہ وفات کے وقت کوویڈ-19 ہونے کے بارے میں شک تھا یا اِس کی تصدیق ہو گئی تھی تو آپ کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ آپ کو ایسی رسومات یا ریتوں میں شامل نہیں ہونا چاہیے جس کی وجہ سے آپ مرحوم کے ساتھ قریبی رابطے میں آئیں۔ نعش سے نکلنے والی رطوبتوں اور عضلات کی وجہ سے انفیکشن ہونے کا مسلسل خدشہ رہتا ہے جہاں پر کوویڈ-19 موت کی تصدیق شدہ یا مشکوک وجہ ہو۔

اگر عقیدے کے کچھ پہلو نعش کے ساتھ قریبی رابطے کے متقاضی ہوں، تو آپ کو چاہئے کہ آپ ذاتی حفاظت کا سامان (پی پی ای) کے مناسب استعمال کے لیے تربیت یافتہ کسی شخص کی نگرانی میں ذاتی پی پی ای پہنے ہوئے ہوں اور نعش کی دیکھ بھال کرنے کے سلسلے میں گائڈنس یعنی رہنمائی پر عمل کریں۔

کوویڈ-19 کی شدید علالت کے زیادہ خطرے کی وجہ سے، اُن لوگوں کے لیے جنہیں شدید کوویڈ-19 کا زیادہ خطرہ ہو، اُن کے لیے مناسب نہیں ہو گا کہ وہ مرحوم کی نعش کے ساتھ کسی قسم کا رابطہ رکھیں، اِس بات کے قطع نظر کہ آیا اُنہوں نے پی پی ای پہن رکھی ہے یا نہیں۔

## اگر آپ کسی جنازے یا یادگاری تقریب کا بندوبست یا انتظام کر رہے ہوں تو جگہ یعنی وینیو کے بارے میں غور طلب باتیں

اب سماجی دوری کے اقدامات کا مزید اطلاق نہیں ہوگا۔ اِس کا مطلب ہے کہ آپ کو کسی جنازے یا یادگاری تقریب کے دوران سماجی دوری (2 میٹر یا احتیاطی تدابیر کے ساتھ 1 میٹر سے زیادہ) پر عمل کرنے کی ضرورت نہ ہو گی۔ ممکن ہے کہ آپ اِس بات پر غور کرنا پسند کریں کہ اُن شرکاء کو سہولت فراہم کی جائے جو دوسروں سے محفوظ فاصلہ برقرا رکھنا چاہتے ہوں، جس میں اُن لوگوں پر خاص توجہ دی جائے جو سیلف-آئسولیشن یا قرنطینہ کے دوران شرکت کر رہے ہوں۔

تمام کاروباری مراکز اور مقامات کو اُن اصولوں پر عمل پیرا ہونا چاہیے جو محفوظ طریقے سے کام کرنے والی گائڈنس یعنی رہنمائی بیان کیے گئے ہیں۔

آجرین یعنی ایمپلائرز کی اب بھی ذمہ داری ہو گی کہ وہ خطرات کا تدارک کریں۔ اُنہیں ایسا ایک ہیلتھ اینڈ سیفٹی رسک اسیسمنٹ کر کے کرنا چاہیے، کوویڈ-19 کے خطرے سمیت، اور اِن خطرات سے نمٹنے کے لیے مناسب اقدام اُٹھانے چاہییں۔

اگر آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کوئی فرد جنازے میں شرکت کرنے کے لیے سیلف-آئسولیشن یا قرنطینہ سے باہر آرہا ہے، تو رسک اسیسمنٹ میں اِسے زیر غور رکھنا چاہیے۔ جو لوگ آئسولیشن یا قرنطینہ کے دوران جنازے میں شرکت کر رہے ہوں اُنہیں دوسرے حاضرین سے ہر وقت کم از کم 2 میٹر کے فاصلے پر رہنا چاہیے۔ آپ کو اُس سیکشن میں موجود مشورے پر عمل کرنا چاہیے جو جنازے میں اُس وقت شرکت کرنے کے بارے میں ہے جب آپ سیلف آئسولیشن یا بین الاقوامی سفر کے بعد قرنطینہ میں ہوں، یہ دیکھنے کے لیے کہ کونسی اضافی احتیاطی تدابیر اختیار کی جانی چاہییں۔

محفوظ طریقے سے کام کرنے والی گائڈنس یعنی رہنمائی متعدد طرح کی احتیاطی تدابیر بیان کرتی ہے جن پر غور وخوص کرنا چاہیے، بشمول مندرجہ ذیل کے:

- جن چیزوں کو لوگ کثرت سے چھوتے ہیں اُنہیں صاف کرنا
- وینیو میں اُن مقامات کی نشاندہی کرنا جہاں ہوا کی آمدو رفت اچھی نہ ہو اور ہوا کی آمد کو بہتر کرنے کے لیے اقدامات کرنا ۔ یہ بات بھی ہمشہ غور طلب ہوتی ہے کہ آیا جنازے یا یادگاری تقریب کا اہتمام باہر کھلی جگہ یعنی آوٹ ڈورز کیا جائے
- اِس بات کو یقینی بنانا کہ بیمار عملہ اور گاہک کام کی جگہ یا مقام پر نہ آئیں
- اُن اقدامات کو عملے اور گاہکوں تک پہنچانا جو آپ نے اُٹھا رکھے ہوں

## رابطہ کے کوائف جمع کرنا

اب آپ قانونی طور پر رابطہ کے کوائف جمع کرنے یا اپنے عملے اور آنے والے لوگوں کا ریکارڈ رکھنے کے پابند نہیں ہیں۔

تاہم، آپ کی ہمت افزائی کی جاتی ہے کہ ایسے ہر فرد کے لیے این ایچ ایس کا کیو آر کوڈ آویزاں کریں جو کہ ایپ استعمال کرکے چیک اِن کرنے کے متمنیٰ ہوں، کیونکہ اِس سے وائرس کے پھیلاؤ میں کمی لانے اور آپ کے ہاں آنے والے لوگوں اور عملے کی حفاظت کرنے میں مدد ملے گی۔ آپ کو ملاقاتیوں کو چیک اِن کرنے، یا انکار کرنے پر اُنہیں لوٹا دینے کی ضرورت نہیں ہے۔

اگر آپ این ایچ ایس کا کیو آر کوڈ آویزاں کرتے ہیں، تو آپ کو چیک-اِن کرنے کے خواہشمند اُن لوگوں کے نام اور رابطہ کوائف جمع (اور محفوظ طریقے سے سٹور) کرنے کا ایک نظام بھی وضع کرنا ہو گا جن کے پاس سمارٹ فون نہیں ہے یا جو ایپ کا استعمال نہ کرنے کو ترجیح دیں۔

براہ مہربانی این ایچ ایس ٹیسٹ اینڈ ٹریس کی مدد کرنے کے لیے عملے، گاہکوں اور ملاقاتیوں کا ریکارڈ رکھنے کے لیے گائڈنس یعنی رہنمائی ملاحظہ کریں۔

## اگر آپ آئسولیشن یا کسی بین الاقوامی سفر کے بعد قرنطینہ سے مستثنیٰ ہوں تو کسی جنازے میں شرکت کرنا

اگر آپ انگلینڈ کے سفر کے لیے مکمل طور پر ویکسین شدہ قوانین کے تحت اہل ہیں اور آپ نان ریڈ لسٹ ملک سے آرہے ہیں تو آپ کو گھر میں یا اس جگہ پر قرنطینہ کرنے کی ضرورت نہیں ہے جہاں آپ 10 دن قیام کر رہے ہیں۔

کچھ قانونی استثنات بھی موجود ہیں جو آپ کو جنازے میں شرکت کرنے کے لیے سیلف-آئسولیٹ کرنے یا بین الاقوامی سفر کرکے انگلستان آنے کے بعد قرنطینہ سے مختصر وقت کے لیے باہر آنے کی اجازت دیتی ہیں۔

یہ قانونی استثنات آپ کو مندرجہ ذیل کی اجازت دیتی ہیں:

- خاندان کے کسی قریبی فرد (جیسے، کوئی شریک حیات، والدین میں سے کوئی ایک، بہن بھائی یا والدین کے والدین) کے جنازے میں شرکت کرنے کے لیے سیلف-آئسولیشن سے مختصر مدت کے لیے نکلنے کی (اگر آپ کو این ایچ ایس ٹیسٹ اینڈ ٹریس نے سیلف-آئسولیٹ کرنے کو کہا ہو)
- کسی نان ریڈ لسٹ ملک سے بین الاقوامی سفر کر کے آنے کے بعد گھر میں کیے جانے والے قرنطینہ سے کسی قریبی رشتہ دار (جیسا کہ اوپر صراحت کی گئی ہے) یا گھر کے فرد، یا دوست کے جنازے میں شرکت کرنے کے مقصد کے لیے مختصر مدت کے لیے باہر نکلنے کی (اگر نہ تو افرادِ خانہ اور نہ ہی قریبی رشتہ دار شرکت کر سکتے ہوں)۔
- کسی ریڈ لسٹ ملک سے بین الاقوامی سفر کر کے آنے کے بعد صرف کسی قریبی رشتہ دار (جیسا کہ اوپر صراحت کی گئی ہے) یا گھر کے فرد کے جنازے میں شرکت کرنے کے لیے کسی مینجڈ کوارنٹین سے مختصر مدت کے لیے جانے اجازت لینے کی درخواست کرنے کی۔ اِس میں اپنے کمرے میں واپس آنے کے کسی مخصوص وقت پر اپنے ہوٹل کے ساتھ

اتفاق کرنا بھی شامل ہو گا۔ مینیجڈ کوارنٹین ہوٹلز کے بارے میں گائڈنس میں
استثنیٰ کے بارے میں مزید معلومات موجود ہیں

اِن قانونی استثنات کا اطلاق صرف کسی جنازے میں شرکت کرنے کے مقاصد پر ہوتا ہے۔ آپ کو کسی بھی صورت میں یادگاری تقریبات میں شرکت کرنے کے لئے اپنی آئسولیشن یا قرنطینہ نہیں توڑنا چاہیے۔ یہ ایک قابل گرفت جرم ہو گا اور ہو سکتا ہے کہ آپ کو جرمانہ ہو جائے۔ بصورت دیگر آپ کو سیلف-آئسولیٹ کرنے کا عمل جاری رکھنا چاہیے الاّ یہ کہ کچھ ایسے دیگر حالات ہوں جو قانونی طور پر آپ کو یہ نہ کرنے کی اجازت دیں۔

جنازے میں شرکت کے لیے استثنیٰ کے قوانین گھر کے دوسرے ارکان پر بھی لاگو ہوتے ہیں جو آئسولیٹ کرنے کے پابند ہیں کیونکہ ان کے گھر کا ایک فرد کسی ریڈ لسٹ ملک سے آنے کے بعد گھر میں قرنطینہ میں ہے۔

اگر کسی جنازے میں شرکت کرنے کے لیے سیلف-آئسولیشن یا قرنطینہ سے مختصر مدت کے لیے نکلنے کی قانونی استثنیٰ کا اطلاق آپ پر ہوتا بھی ہو، تو ذاتی طور پر شرکت کرنے سے گریز کرنے کے لیے آپ کو پُرزور تاکید کی جاتی ہے کہ آپ فاصلاتی شرکت یعنی ریموٹلی پارٹیسیپیٹ کرنے کے انتظامات پر غور وخوض کریں، مثلاً وڈیو لِنک کے ذریعے۔ اِس سے جنازے میں موجود دوسرے شرکاء کو درپیش خطرے کو کم کرنے میں مدد ملے گی اور وائرس کے پھیلاؤ کو روکنے میں براہ راست کردار ادا کریں گے۔

تاہم اگر خطرے پر انتہائی غور و خوص کرنے کے بعد اگر آپ کسی جنازے میں شرکت کرنے کے لیے مختصر مدت کے لیے سیلف-آئسولیشن یا قرنطینہ سے نکلنے کا چناؤ کرتے ہیں تو یہ ضروری امر ہے کہ آپ مندرجہ ذیل تمام تر احتیاطی تدابیر اختیار کریں اور یہ کہ وہ لوگ جو کسی جنازے کا بندوبست یا انتظام کر رہے ہیں وہ لوگوں کو سہولت فراہم کریں کہ وہ جس حد تک ممکن ہو سکے احتیاطی تدابیر اختیار کر سکیں۔

جنازے کے مقام کے منتظمین، تقریب کے منتظمین اور دیگر حاضرین کو پیشگی مطلع کر دیں کہ آپ سیلف-آئسولیشن یا قرنطینہ کے دورانیے کے اندر ہیں۔ شرکت کرنے سے قبل دیگر لوگوں کو اِس بابت آگاہ ہونا چاہیے۔ مقام کے منتظمین کو مطلع کرنے سے یہ یقینی بنانے میں مدد ملے گی کہ وہ اِسے اپنی رسک اسیسمنٹ میں اِسے مدنظر رکھیں۔ تقریب کے منتظمین کو اِسے اپنی رسک اسیسمنٹ میں مدنظر رکھنا چاہیے۔

ہر وقت اپنے اور دیگر لوگوں مابین کم از کم 2 میٹر کا فاصلہ برقرار رکھیں، جنازے میں جاتے اور واپس آتے وقت سمیت۔ جنازے میں شرکت کرنے والے کچھ لوگوں کو کوویڈ-19 سے متاثر ہونے کی وجہ سے شدید بیماری کا زیادہ

خطرہ ہو سکتا ہے۔ تقریب کے منتظمین کو اِسے اپنی رسک اسیسمنٹ میں مدنظر رکھنا چاہیے۔

اچھی طرح سے پورا آنے والا سرجیکل گریڈ فلوئڈ ریپلینٹ (ٹائپ IIR) سرجیکل ماسک پہنیں۔ اگر کوئی رسپیریٹر ماسک (جیسے N95) استعمال کیا جائے تو اِس میں والو نہیں ہونا چاہیے۔ ماسک فارمیسیز، سُپر مارکیٹس اور آن لائن خوردہ فروشوں سے وسیع پیمانے پر دستیاب ہیں۔ آپ کو تاکید کی جاتی ہے کہ اپنا ذاتی فیس ماسک لائیں۔ تقریب کے منتظمین اور جنازے کا انتظام وانصرام کرنے والے لوگوں کو چاہیے کہ وہ کچھ ماسک سٹاک میں رکھیں۔

گانے یا اپنی آوز بُلند کرنے سے گریز کریں کیونکہ اِس سے کوویڈ-19 کے حامل زیادہ ذرات پیدا ہوتے ہیں۔ جہاں پر یہ سرگرمیاں انڈورز ہوتی ہیں وہاں زیادہ خطرہ ہوتا ہے۔

معمول سے زیادہ کثرت سے صابن اور پانی کے ساتھ کم سے کم 20 سیکنڈ کے لیے ہاتھ دھوئیں یا ہینڈ سینیٹائزر استعمال کریں۔ اپنی آنکھوں، ناک اور مُنہ کو چھونے سے اجتناب کریں، اور اپنے مُنہ اور ناک کو کسی ٹِشو سے ڈھانپیں جو کہ کھانسنے اور چھیکنے کے فوراً بعد پھینک دیا جائے یا کھانسنے یا چھینکنے کے لئے اپنی کُہنی کا خم (ہاتھ نہیں) استعمال کریں۔

اگر ممکن ہو پبلک ٹرانسپورٹ استعمال کرنے یا ٹرانسپورٹ شیئر کرنے سے گریز کریں۔

یہ تمام اقدامات اُٹھانے سے دوسرے لوگوں کو کوویڈ-19 سے بچانے میں مدد ملے گی۔

تقریب کے منتظمین کو چاہیے کہ وہ سیلف-آئسولیشن یا قرنطینہ سے شرکت کرنے والے لوگوں کی مندرجہ بالا اقدامات پر عمل کرنے میں مدد کریں۔

## غم یا سوگ منانا

کسی دوست یا عزیز کا بچھڑنا بہت ہی مشکل اور صبر آزما وقت ثابت ہو سکتا ہے۔ یہ اور بھی زیادہ مشکل ہو سکتا ہے جب آپ کوویڈ-19 کی عالمی وباء کے دوران حالتِ سوگ یا عالمِ غم میں ہوں۔ رنج و الم ہر کسی کو مختلف طریقے سے متاثر کرتا ہے لیکن اہم یہ ہے کہ سوگ منایا جائے اور ایسا کرنے کے لیے مناسب سپورٹ دستیاب ہو۔

این ایچ ایس، کروُز بیریومنٹ کیئر اور ataloss.org ، جو کہ پورے برطانیہ میں رہنمائی اور خدمات مہیا کرتا ہے، پر کئی طرح کی سپورٹ دستیاب ہے۔

اگر آپ کسی سوگوار بچے یا نوجوان کو سپورٹ مہیا کررہے ہیں تو چائلڈہُوڈ بریومنٹ نیٹ ورک کے پاس قومی اور مقامی اداروں کے بارے میں معلومات اور روابط ہیں۔

## متعلقہ گائڈنس اور ضوابط

اِس گائڈنس کا اطلاق صرف انگلینڈ پر ہوتا ہے۔ اسکاٹ لینڈ ، ویلز اور شمالی آئرلینڈ میں جنازوں اور یادگاری تقریبات کے بارے میں گائڈنس یعنی رہنمائی بھی دستیاب ہے۔

تصدیق شدہ یا ممکنہ طور پر کورونا وائرس کووڈ-19 کی وجہ سے وفات پانے والے افراد کی کیئر کے سلسلے میں گائڈنس یعنی رہنمائی موجود ہے۔

## تحفظ صحت کے ریگولیشنز

یہ دستاویز ایک ہدایت نامہ ہے۔ یہ قانون ذیل ہیلتھ پروٹیکشن ریگولیشنز میں انگلینڈ کے لیے 2020 میں موجود ہے:

- ہیلتھ پروٹیکشن (کورونا وائرس پابندیاں) (سیلف-آئسولیشن) (انگلینڈ) ریگولیشنز 2020۔
- دی ہیلتھ پروٹیکشن (کورونا وائرس، انٹرنیشنل ٹریول آپریٹر لائبیلٹی (انگلستان) ریگولیشنز 2021